ناظمِ اعلیٰ کا پیغام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پاکستان انٹرنیشنل بلک ٹرمینل لمیٹڈ کے حصص یافتگان کو مجلس نظماء (بورڈ آف ڈائریکٹرز) کی مجموعی کارکردگی اور کمپنی کے اہداف کے حصول کے حوالہ سے اس کے مؤثر ادا کردہ کردار پر مبنی یہ تجزیاتی رپورٹ پیش کرنے پر مجھے بہت خوشی محسوس ہو رہی ہے۔

کمپنی کی سالانہ رپورٹ برائے سال مختتمہ جون 30۔2024ء میں قابل اطلاق قانون کے مطابق مالیاتی اور دیگر معلومات وانکشافات فراہم کرتی ہے۔

گزشتہ چند برسوں سے معاشی محاذ پر کافی مسائل رہے ہیں۔ حالانکہ حکومت کی طرف سے اقتصادی استحکام کے لئے اٹھائے گئے اقدامات بشمول درآمدی پابندیوں کو ہٹانے اور ڈالر کے مقابلہ میں روپے کی قدر کو مستحکم کرنے سے کمپنی کے حجم میں گزشتہ سال کے 4,842,829 میٹرک ٹن کے مقابلہ میں 6,410,112 میٹرک ٹن اضافہ ہوا ہے۔ ان آزمائشی اوقات میں کمپنی کی لچک اور ترقی مجلس نظماء کی چوکسی، ہماری افرادی قوت کی لگن اور ہمارے بنیادی ڈھانچہ کی عمدہ کارکردگی کی عکاسی کرتی ہے جو کہ ملک گیر سطح پر اپنی مثال آپ ہے۔

مجلس نظماء (بورڈ آف ڈائریکٹرز) بخوبی سمجھتی ہے کہ احتساب کو یقینی بنانے میں مضبوط کاروباری نظم ونسق کے نظام کی پیروی بہت اہمیت رکھتی ہے اور حصص داران کی قدر کو بڑھانے کے لئے اعلیٰ معیارات کو برقرار رکھنے کے کے لئے پرعزم ہے۔ ہماری گورنینس کی تعمیل قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کے ساتھ ہم آہنگ ہیں، بشمول کمپنیز ایکٹ 2017ء واضح کردہ تقاضوں اور لسٹڈ کمپنیز (ضابطہ برائے کاروباری نظم ونسق) ریگولیشنز 2019ء کی پابندی۔

ایک مؤثر گورنینس، رسک مینجمنٹ اور کنٹرول، ماحول کو تشکیل دینے میں مجلس نظماء نے ضابطہ برائے کاروباری نظم ونسق کے بہترین طریقوں کے مطابق ایک شفاف اور مضبوط تعمیل کا نظام قائم کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی کمپنی میں اخلاقی و منصفانہ رویہ کو فروغ دیا ہے جسے ضابطہ اخلاق کے مناسب پھیلاؤ کے ذریعے پی آئی بی ٹی کی ثقافت واقدار میں تقویت ملی ہے۔ مجلس نظماء کے اراکین نے ہماری کمپنی کی طویل مدتی پائیداری اور کامیابی کو یقینی بنانے کے لئے حکمت عملی کی نشاندہی، نگرانی اور گورنینس فراہم کرنے کے لئے تن دہی سے کام کیا ہے۔

کمپنی کے پاس ایک متنوع مجلس نظماء جس میں ایک خاتون ڈائریکٹر سمیت آزاد، غیر ایگزیکٹو اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر شامل ہیں۔

سال کے دوران مجلس (بورڈ) اور اس کی کمیٹیوں نے اہم معاملات کی مکمل نگرانی کو یقینی بنانے کے لئے باقاعدگی سے اجلاسات کا انعقاد کیا۔ انتظامیہ کے ساتھ مجلس نظماء کی فعالیت کی ہنرمندانہ نگرانی اور سرمائے کی درست تقسیم میں بہتر فیصلہ سازی، وسائل کے بہتر استعمال اور مالیاتی نظم وضبط کو مضبوط بنایا ہے۔ یہ کوششیں کاروباری حکمت عملیوں کو پائیدار ترقی اور قدر کی تخلیق کے لئے ہماری وابستگی کے ساتھ ہم آہنگ کرنے میں معاون ثابت ہوئی ہیں۔

مجلس نظماء (بورڈ آف ڈائریکٹرز) نے کمپنی میں پیشہ وارانہ روایات اور اعلیٰ اخلاقیات کو فروغ دینے کے لئے کارپوریٹ نظم ونسق کی پیروی کے بہترین طور طریقوں کے ساتھ شفاف اور مضبوط نظام رائج کیا ہے تاکہ ایک مؤثر نظم ونسق اور نظم وضبط کا ماحول قائم کیا جاسکے جو کمپنی کی روایات اور قدروں کو موزوں ترین ضابطہ اخلاق کے ذریعے نئے سرے سے تقویت دے سکے۔ مجلس نظماء کے اراکین نے ہماری کمپنی کی طویل مدتی پائداری اور کامیابی کو یقینی بنانے کے لئے اسٹریٹیجک سمت نگرانی اور نظم کی فراہمی لئے تن دہی سے کام کیا ہے۔

مجموعی طور پر مجلس نظماء (بورڈ آف ڈائریکٹرز) اور اس کی کمیٹیوں کی سالانہ کارکردگی کا جائزہ ضابطہ برائے کاروباری نظم ونسق کے مطابق لیا گیا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ مجلس نظماء کی مجموعی کارکردگی ترقی یافتہ جامع معیار کے مطابق ہے اور کلی طور پر اس کا جائزہ لیا گیا ہے۔ مجلس نظماء اور اس کی کمیٹیوں کے ذریعے ادا کئے گئے کردار کی کارکردگی اور اثرات تسلی بخش ہیں۔ ہماری مجلس نظماء انتظامیہ کو مدد اور رہنمائی فراہم کرنے کے لئے ہردم تیار اور حاضر ہے کیونکہ ہم مختلف حکمت عملیوں اور حرفتی مقابلوں کے لئے پرعزم ہیں۔

مزید براں مجلس میں پائیداری کے خطرات اور مواقع پر اپنی توجہ برقرار رکھی ہے ماحولیاتی، سماجی اور گورنینس کو ترجیح دینے سے کمپنی کی مالیاتی میٹرکس (ای ایس جی) کے اصولوں پر زور دیا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ ای ایس جی کی ترجیحات سے کمپنی کی مالیاتی میٹرکس میں بہتری ہوگی اور ہمارے اسٹریٹیجک اہداف کی حمایت ہوگی۔ اپنی کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کے وعدوں

کے مطابق ہم نے معیاری تعلیم، پیشہ وارانہ تربیت، صحت کی دیکھ بھال اور راشن کی فراہمی تک رسائی کو بہتر بنانے پر توجہ مرکوز کرنے والے اقدامات کے ذریعے کم مراعات یافتہ طبقات کی مدد کے لئے اپنی کوششیں تیز کر دی ہیں اور مستقبل میں بھی اپنے اقدامات کو آگے بڑھاتے رہیں گے۔

مجلس نظماء (بورڈ آف ڈائریکٹرز) کمپنی کی بہتر رہنمائی، اس کی کامیابی اور کارکردگی کو فروغ دینے اور بہتر نظم و نسق کے اصولوں کی پاسداری کا تسلسل برقرار رکھتے ہوئے مجلس کی منظور کردہ حکمت عملی کے مطابق آپریشنز کرنے کے لئے انتظامیہ کی رہنمائی کرنے میں اہم کردار کرتی رہے گی۔

میں پاکستان انٹرنیشنل بلک ٹرمینل کی طرف سے اپنے تمام ملازمین، نگہبان حکام، پورٹ قاسم اتھارٹی، قرض دہندگان، ٹھیکہ داران اور اپنے قابل قدر حصص یافتگان اور دیگر کا شکر گزار ہوں اور ان کے کمپنی کے ساتھ مسلسل تعاون اور ان کے اعتماد اور احساس ذمہ داری کا اعتراف کرتا ہوں۔

کیپٹین حلیم احمد صدیقی

ناظم اعلیٰ

کراچی 13۔ ستمبر، 2024ء